© rasailojaraid.com



**(2) The GLORIOUS QURA'N - Text, Translation & Commentary**

**By. : Maulana Abdul Majid Daryabadi**

Publisher : ISLAMIC FOUNDATION, LEICESTER, MARKFIELD (U.K)

| | | |
|---|---|---|
| Year of Publication | : | 2001 |
| Pages | : | 1150 |
| Price | : | (Not mentioned) |

قرآن کریم کا پیغام عام انسانوں تک پہونچانے کے لئے اسکی تشریح وترجمانی کا سلسلہ زمانۂ نزول سے جاری ہے۔ وقت گذرنے کے ساتھ مختلف زبانوں میں اس کتابِ عظیم کے ترجمہ وتفسیر کی ضرورت محسوس کی گئی، دنیا کی دیگر زبانوں کے ساتھ انگریزی میں بھی اس کام کا آغاز ہوا اور اس میں پیش قدمی کا سہرا یوروپین اسکالرس (بالخصوص مستشرقین) کے سر جاتا ہے۔ انگریزی میں سب سے پہلا ترجمہ قرآن برطانوی اسکالر الیگزنڈر راس (ALEXANDAR ROSS) سے منسوب کیا جاتا ہے جو ۱۶۴۹ء میں لندن سے شائع ہوا۔ اللہ تعالی کا شکر ہے کہ بعد میں مسلم ماہرین قرآنیات نے اس جانب توجہ دی اور اس باب میں برصغیر کے مسلمانوں کی خدمات بھی منظر عام پر آئیں۔ ان میں سید عبدالحمید کو انگریزی میں اولین مترجم قرآن کا شرف حاصل ہے۔ ان کا ترجمہ Divine Quran کے نام سے سب سے پہلے ڈھاکہ سے ۱۸۶۲ء میں شائع ہوا۔ بیسویں صدی عیسوی کے مترجمین ومفسرین میں نامور عالم ودانشور مولانا عبدالماجد دریابادی (۱۸۹۲ء۔۱۹۷۷ء) کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ مولانا دریابادی عربی زبان وادب اور قرآن وحدیث کے ماہر ہونے کے علاوہ عصری علوم بالخصوص فلسفہ، تاریخ وجغرافیہ پر گہری نظر رکھتے تھے۔ مولانا نے اردو وانگریزی دونوں میں قرآن کریم کا ترجمہ وتفسیر مرتب کیا۔ دونوں مستقل تالیفات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہیں (ایک دوسرے کا ترجمہ وتلخیص نہیں) اوران کا انداز بھی جداگانہ ہے۔ خاص بات یہ ہے کہ مولانا کی انگریزی تفسیر پہلے شائع ہوئی۔ اس کا اولین ایڈیشن چار جلدوں میں تاج کمپنی لاہور سے ۱۹۵۷ء میں منظر عام پر آیا اور پھر مزید اہتمام سے ۱۹۸۵ء میں مجلس تحقیقات ونشریات، ندوۃ العلماء لکھنؤ سے اس کا دوسرا ایڈیشن نکلا اور اب بڑے آب وتاب سے اسلامک فاؤنڈیشن (لیسٹر، برطانیہ) سے اسکا نیا ایڈیشن ایک جلد میں شائع ہوا ہے۔ اس میں قرآن مجید کے مکمل ترجمہ کے ساتھ تفسیری مباحث کا اختصار حواشی کی صورت میں دیا گیا ہے۔ بالفاظ دیگر زیر تعارف مجموعۂ ترجمہ وتفسیر قرآن مولانا کی انگریزی تفسیر کا اختصار یہ ہے۔

مولانا عبدالماجد دریابادی کے انگریزی ترجمہ وتفسیر کے اصل مخاطب اہل مغرب اور جدید تعلیم یافتہ مسلمان ہیں۔ اسمیں قرآنی آیات کے بامحاورہ انگریزی ترجمہ کا اہتمام کیا گیا ہے۔ عربی وزبان لغت اور نحو وصرف کے حدود وقیود کا لحاظ کرتے ہوئے آیات کا ترجمہ اس طور پر کیا گیا ہے کہ متن سے اس کا ربط باقی رہے اور بالکل لفظی (Literal) ترجمہ بھی نہ معلوم ہو۔ انگریزی کے قدیم تراجم قرآن کے مقابلہ میں مولانا دریابادی کے ترجمہ کی زبان سادہ وسلیس ہے اور عام انگریزی داں مسلم وغیر مسلم بآسانی اس سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ تفسیری حواشی میں اسلام کے بنیادی عقاید کی تشریح وترجمانی نہایت مدلل انداز میں کی گئی ہے: تاریخ عالم اور جغرافیہ سے متعلق آیات کی وضاحت میں مولانا نے خاص اہتمام سے کام لیا ہے۔ ان مقامات پر ان کے تفسیری حواشی بہت قیمتی ہیں جو دوسرے انگریزی مفسرین کے یہاں نہیں ملتے، مزید براں انھوں نے جابجا اپنی تشریحات کو جدید علوم وفنون کے ماہرین کے بیانات سے موکد کیا ہے اور اس میں جدید اثری (Archaelogical) وجغرافیائی تحقیقات سے بھی فائدہ اٹھایا ہے۔ حواشی میں مختلف مقامات پر بائبل سے بھی حوالے درج کیے گئے ہیں۔

پیش نظر انگریزی ترجمہ قرآن کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ اس کے شروع

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں مولانا سید ابوالحسن ندویؒ کی کا تفصیلی تعارف (Introduction) ہے، جو پہلے انگریزی تفسیر کے لکھنؤ ایڈیشن کے ساتھ شائع ہوا تھا۔ اس میں مولانا مرحوم نے اعجاز قرآن اور انگریزی میں ترجمۂ قرآن کے آغاز و ارتقاء پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے اور مولانا دریابادی کے ترجمہ و تفسیر کی خصوصیات بھی واضح کی ہیں۔ اسلامک فاؤنڈیشن کے ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر محمد مناظر احسن نے اپنے پیش لفظ (Foreword) میں مختصر لیکن نہایت جامع انداز میں مولانا کے علم و فضل کا ذکر کیا ہے اور اس ترجمہ و تفسیر کی تالیف و اشاعت کا پس منظر بیان کرتے ہوئے اس کے امتیازات کی نشاندہی کی ہے۔ انشاء اللہ یہ ترجمہ انگریزی داں حضرات کے لئے قرآن سمجھنے اور اس کے معانی اخذ کرنے میں مدد و معاون ثابت ہوگا۔

## (۳) قرآنیات کے چند اہم مباحث

مصنف : ابوسفیان اصلاحی

ناشر : ابوسفیان اصلاحی، شعبہ عربی مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

صفحات : ۳۶۲

سن اشاعت: ۲۰۰۲ء

قیمت : ۱۰۰ روپے

یہ کتاب قرآنیات سے متعلق ان مقالات کا مجموعہ ہے جو ہندوستان کے مختلف موقر مجلّات میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ کتابی صورت میں اشاعت کے وقت ان پر نظر ثانی کی گئی ہے۔ ان مقالات کو تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ پہلا حصہ ان مقالات پر مشتمل ہے جو مولانا حمید الدین فراہی کی بعض تصانیف سے متعلق ہیں جیسا کہ ان عناوین سے واضح ہے۔ (۱) مفردات القرآن۔ ایک مطالعہ (۲) حکمت قرآن۔ ایک مطالعہ (۳) مولانا فراہی کی سورہ والتین۔ ان مقالات سے مولانا فراہی کے منہج تفسیر کے بعض اہم گوشے سامنے آتے ہیں۔ اور ان اہم موضوعات پر ان کا منفرد انداز تحقیق بھی نمایاں ہوتا ہے۔

© rasailojaraid.com